احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

سوموار 22 دسمبر 2014ء 29 صفر 1436 ہجری 22 فتح 1393 ہش جلد 64-99 نمبر 289

نیک شہرت اور جنت کی دعا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ انسان وضو کر کے اللہ کے نام سے ابراہیم علیہ السلام کی یہ دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت کا کھانا پینا عطا کرتا ہے، اس کی بیماری کو گناہوں کا کفارہ بنا دیتا ہے اور اسے سعادت مندوں والی زندگی اور شہداء والی موت نصیب ہوتی ہے۔

(تفسیر الدر المنثور للسیوطی جلد4 صفحہ 89)

اے میرے رب! مجھے صحیح تعلیم عطا کر اور نیکوں میں شامل کر اور بعد میں آنے والے لوگوں میں ایک ہمیشہ قائم رہنے والی تعریف مجھے بخش اور مجھے نعمتوں والی جنت کے وارثوں میں سے بنا۔

(الشعراء:84 تا 86)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دعا میں کوشش ہر دو طرف سے ہونی ضروری ہے۔ دعا کرنے والا خدا تعالیٰ کے حضور میں توجہ کرنے میں کوشش کرے اور دعا کرانے والا اس کو توجہ دلانے میں مشغول رہے۔ بار بار یاد دلائے خاص تعلق پیدا کرے۔ صبر اور استقامت کے ساتھ اپنا حال زار پیش کرتا رہے۔ تو خواہ مخواہ کسی نہ کسی وقت اس کے لئے درد پیدا ہو جائے گا۔ دعا بڑی شئے ہے جبکہ انسان ہر طرف سے مایوس ہو جائے تو آخری حیلہ دعا ہے جس سے تمام مشکلات حل ہو جاتے ہیں۔ مگر ایسی توجہ کی دعا ضرور ایک وقت چاہتی ہے اور یہ بات انسان کے اختیار میں نہیں کہ کسی کے واسطے دل میں درد پیدا کرلے۔

ایک صوفی کا ذکر ہے کہ وہ راستہ میں جاتا تھا کہ ایک لڑکا اس کے سامنے گر پڑا۔ اور اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ صوفی کے دل میں درد پیدا ہوا۔ اور اسی جگہ خدا تعالیٰ کے آگے دعا کی اور عرض کی کہ اے خدا تو اس لڑکے کی ٹانگ کو درست کر دے ورنہ تو نے اس قصاب کے دل میں درد کیوں پیدا کیا۔

میرا مذہب یہ ہے کہ کیسی ہی مشکلات مالی یا جانی انسان پر پڑیں۔ ان سب کا آخری علاج دعا ہے خدا تعالیٰ ہر شئے کا مالک ہے وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے اور کرسکتا ہے اور ہر شئے پر اس کا قبضہ ہے۔ انسان کسی حاکم یا افسر کے ساتھ اپنا معاملہ صاف کرتا ہے اور اس کو راضی کرتا ہے تو وہ اسے بہت سا فائدہ پہنچا دیتا ہے۔ کیا خدا تعالیٰ جو حقیقی حاکم اور مالک ہے اس کو نفع نہیں دے سکتا؟ مگر دعا کا معاملہ ایسا نہیں کہ انسان دور سے گولی چلاوے اور چلا جائے بلکہ جس شخص سے دعا کرانی چاہئے اس کے ساتھ تعلق پیدا کرنا چاہئے۔ دیکھو بازار میں آپ کو ایک شخص اتفاقیہ طور پر مل جاوے اور آپ اس کو پکڑ لیں اور کہیں کہ تو میرا دوست بن جا تو وہ کس طرح دوست بن سکتا ہے؟ دوستی کے واسطے تعلقات کا ہونا ضروری ہے اور وہ رفتہ رفتہ ہو سکتے ہیں۔

(ملفوظات جلد پنجم ص51)

مکرم مبارک احمد باجوہ صاحب کی شہادت کی تفصیلات

مکرم مبارک احمد باجوہ صاحب ابن مکرم امیر احمد باجوہ صاحب آف چک 312 ج۔ب کٹھووالی ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کو 2009ء میں چند نا معلوم افراد نے اغوا کیا تھا۔ اب معلوم ہوا ہے کہ 5 سال قبل ان کو راہ مولیٰ میں قربان کر دیا گیا تھا۔ ان کے واقعہ شہادت کی تفصیلات سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ فرمودہ 19 دسمبر 2014ء میں بیان فرمائیں۔ یہ تفصیلات احباب کی خدمت میں پیش ہیں۔

حضور انور نے فرمایا۔

”ایک جنازہ تو ہمارے ایک شہید بھائی کا ہے۔ مبارک احمد باجوہ صاحب ابن مکرم امیر احمد باجوہ صاحب چک نمبر 312 ج۔ب کٹھووالی ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ہیں۔ ان کو شہید کیا گیا تھا۔ ان کو کچھ نا معلوم افراد نے 26/ اکتوبر 2009ء کو ان کے ڈیرے سے اغوا کر لیا تھا۔ ان کے بارہ میں اب تک معلوم نہیں ہو سکا تھا۔ تاہم چند روز قبل گجرات کے ایک علاقہ سے گرفتار ہونے والے چند دہشت گردوں نے انکشاف کیا ہے کہ ہم نے کٹھووالی کے ایک مبارک باجوہ کو بھی گستاخ رسول قرار دے کر قتل کر کے بھمبر نالہ واقع ضلع گجرات میں گڑھا کھود کر دبا دیا ہے...... مبارک احمد صاحب کے خاندان میں احمدیت کا نفوذ ان کے دادا مکرم پیر محمد صاحب کے ذریعے ہوا، انہیں جماعت سے بہت لگاؤ تھا۔ نہایت دیندار گھرانہ ہے۔ مرحوم پیدائشی احمدی تھے۔ 1953ء میں پیدا ہوئے۔ پرائمری تک تعلیم حاصل کی اور زمینداره کرتے تھے۔ مرحوم نہایت ایماندار، نیک دل، نیک سیرت، شریف النفس اور ملنسار شخصیت کے مالک تھے۔ ان کے والد امیر احمد باجوہ صاحب اور بھائی مکرم رشید احمد باجوہ صاحب دونوں یکے بعد دیگرے کٹھووالی جماعت کے صدر جماعت بھی رہے۔ ایک بیٹا ظہور احمد اس وقت قائد مجلس کی توفیق پا رہا ہے۔

باقی صفحہ 12 پر

مشعل راہ

محنت، مزدوری اور چھوٹے کام کو عار نہ سمجھیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 28 مئی 2004ء میں فرماتے ہیں۔

بعض دفعہ ایسے حالات آ جاتے ہیں کہ مثلاً ملازمت چھوٹ گئی یا کوئی اور وجہ بن گئی، زمینداروں کی مثال میں پہلے دے آیا ہوں، کاروباری لوگوں کے بھی کاروبار مندے ہو جاتے ہیں یا بعض دفعہ ایسے حالات پیش آ جاتے ہیں کہ کاروبار کو فروخت کرنا پڑتا ہے، بیچنا پڑتا ہے، ختم کرنا پڑتا ہے۔ تو گو یہ ساری باتیں انسان کی اپنی غلطیوں کی وجہ سے ہی ہو رہی ہوتی ہیں۔ اس کا نتیجہ انسان بھگتتا ہے، یہ تو ایک علیحدہ مضمون ہے۔ بہرحال ایسے حالات سے بھی مایوس ہو کر بیٹھ نہیں جانا چاہئے بلکہ کچھ نہ کچھ کرتے رہنا چاہئے، ہاتھ پیر مارتے رہنا چاہئے، چاہے چھوٹا موٹا کام ہی ہو، انسان کو کسی بھی کام کو ضرور کرنا چاہئے۔ کئی لوگ ایسے ملتے ہیں جو بہت زیادہ مایوس ہو جاتے ہیں اور پریشانی کا شکار ہوتے ہیں، ان کو بھی اللہ تعالیٰ پر توکل کرنا چاہئے۔ اور اس سے مدد مانگتے ہوئے جو بھی چھوٹا موٹا کوئی کام ملے یا کاروبار ہو اس کو دوبارہ نئے سرے سے شروع کرنا چاہئے۔ اور کسی کام کو بھی عار نہیں سمجھنا چاہئے۔ اگر اس نیت سے یہ کام شروع کریں گے کہ میں نے اللہ تعالیٰ سے وعدہ کیا ہوا ہے کہ چندے دینے ہیں پھر چندے پورے کرنے ہیں تو پھر اللہ تعالیٰ ان چھوٹے کاروباروں میں بھی بے انتہا برکت ڈالتا ہے۔ میں نے کئی لوگوں کو دیکھا ہے، بالکل معمولی کاروبار شروع کیا، وسیع ہوتا گیا اور دکانوں کے مالک ہو گئے چھابڑی لگاتے لگاتے۔ تو یہ اللہ تعالیٰ کے فضل ہیں جو ہوتے ہیں اگر نیت نیک ہو اور اس کی راہ میں خرچ کرنے کے ارادے سے ہو۔ تو پھر وہ برکت بھی بے انتہا ڈالتا ہے۔

ایک روایت میں آتا ہے۔ حضرت ابو مسعود انصاریؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب صدقہ کرنے کا ارشاد فرماتے (بعض دفعہ کوئی تحریک ہوتی) تو ہم میں سے کوئی بازار کو جاتا اور وہاں محنت مزدوری کرتا اور اُسے اجرت کے طور پر ایک مُد، تھوڑا سا، اناج ملتا مزدوری کا، تو کہتے ہیں وہی صدقہ کر دیا کرتے تھے۔ اور کہتے ہیں اب ہم میں سے وہ لوگ جو اس طرح محنت مزدوری کرتے تھے اور چھوٹے چھوٹے کام کرتے تھے ان میں سے تقریباً تمام کا یہ حال ہے کہ بعضوں کے پاس ایک ایک لاکھ درہم یا دینار تک ہیں۔

(بخاری کتاب الاجارۃ - باب من اجر نفسه ليحمل على ظهره ثم صدق به......)

تو یہ صرف پرانے قصے نہیں ہیں کہ اس زمانے میں ان صحابہؓ پر اللہ تعالیٰ کا فضل تھا اب نہیں ہو رہا بلکہ اب بھی ایسی مثالیں ملتی ہیں، جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا ہے آج بھی ایسے لوگ ہیں جو اپنی نیک نیتی کی وجہ سے اور محنت کی وجہ سے لاکھوں میں کھیل رہے ہیں۔

پھر ایک حدیث میں آتا ہے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دنیا سے بے رغبتی اور زُہد یہ نہیں ہے کہ آدمی اپنے اوپر کسی حلال کو حرام کر لے اور اپنے مال کو برباد کر دے (یعنی اپنے پاس مال نہ رکھے) بلکہ زُہد یہ ہے کہ تمہیں اپنے مال سے زیادہ خدا کے انعام اور بخشش پر اعتماد ہو۔

(جامع ترمذی)

(روزنامہ الفضل 24۔ اگست 2004ء)

غزل

وہ زندگی میں بہرگام کامیاب رہیں
کہ جن پہ ابرِ کرم بن کے آنجناب رہیں

بہار دیتے ہیں ہر جا نقوشِ پا تیرے
قدم قدم پہ تیری راہ میں گلاب رہیں

تمام عمر ہی مہکے تری محبت میں
ہم عمر بھر اسی خوشبو سے فیض یاب رہیں

کڑی ہے دھوپ، سفر، کرب آبلہ پائی
ادائے فرض ہے ہم تیرے ہم رکاب رہیں

طمانیت کی ملے چاندنی انہیں ہر دم
تیری جلو میں جو اے میرے ماہتاب رہیں

کوئی تو ہو جو تسلی دے میری آنکھوں کو
جو تیری دید کی حسرت میں پُر زِآب رہیں

لکھیں جو خود میں تجھے حال دل تمام تو پھر
نہ بے قرار نہ ہم محوِ اضطراب رہیں

اے چاند پھر سے تُو آ، بام پر دسمبر میں
کہاں لکھا ہے مرے خواب صرف خواب رہیں

خدا کرے تیرا ہر پل ہو باکمال حیات
خدا کرے یہ دعائیں بھی مستجاب رہیں

مبارک احمد عابدؔ

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مرتبہ: مکرم حبیب الرحمان زیروی صاحب

سوسال پہلے جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ 1914ء

26 تا 29 دسمبر۔ جلسہ کی کارروائی کے اہم نکات

(الفضل میں شائع شدہ رپورٹس کا خلاصہ)

مکرم ایڈیٹر صاحب الفضل نے 19 نومبر 1914ء کو شائع ہونے والے الفضل میں جلسہ سالانہ کی اہمیت واضح کرتے ہوئے تحریر فرمایا:۔

اس سال جو زلزلہ جماعت احمدیہ پر آیا اُس سے آپ صاحبان بخوبی آگاہ ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اُس نے محض اپنے فضل سے جماعت احمدیہ کو بچا لیا اور سخت خوف کے بعد پھر اس کو ایک امام کے ماتحت جمع کر کے تفرقہ اور پریشانی سے بچا لیا۔ اب ایک ایسا موقعہ قریب آرہا ہے جب دُنیا پر یہ ظاہر ہو جائے گا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ اس زلزلۂ عظیم سے محفوظ نکل آئی ہے۔ وہ موقعہ جلسہ سالانہ کا موقعہ ہے جو انشاء اللہ تعالیٰ دسمبر کے آخری ہفتہ میں ہوگا اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اُمید ہے کہ یہ جلسہ اس قدر شان اور رونق کے ساتھ ہوگا کہ دشمن دیکھ کر مایوس ہو جاویں گے۔ پہلے حضرت مسیح موعود کی وفات کے موقعہ پر دشمنوں کو یہ اُمید پیدا ہوئی تھی کہ اب یہ سلسلہ ٹوٹ جائے گا لیکن جب اُنہوں نے خلیفۂ اوّل کے وقت کا پہلا جلسہ ہی دیکھا تو اُن کی اُمیدیں خاک میں مل گئیں۔ اب اِنہوں نے دیکھا ہے کہ سلسلۂ احمدیہ پر دوسرا خطرناک زلزلہ آیا ہے اور اس زلزلہ کے بعد پھر اُن کو اُمیدیں پیدا ہو گئیں کہ اگر پہلے زلزلہ سے جماعت شکستہ نہیں ہوئی تھی تو موجودہ زلزلہ سے تو ضرور یہ جماعت متفرق ہو کر پاش پاش ہو جائے گی۔ اب وہ وقت آ گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ اب دوسری دفعہ بھی ان کو ایسی ہی مایوسی حاصل ہوگی جیسی کہ پہلی دفعہ حاصل ہوئی تھی اور ان کو معلوم ہو جائے گا کہ چند آدمیوں کے جُدا ہونے نے اس سلسلہ کو ذرا بھر بھی نقصان نہیں پہنچایا بلکہ ان لوگوں کی جُدائی نے احمدی جماعت میں تازہ روح پھونک دی ہے اور نیا جوش پیدا کر دیا ہے اس لئے میں اس تجویز کے ذریعہ اپنے احباب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ وہ اس موقعہ پر اپنی وحدت اور جمیعت کا پورا نقشہ دنیا کو دکھائیں تمہارے دشمنوں کی آنکھیں اب جلسہ سالانہ کی طرف لگی ہوئی ہیں اور وہ آنے والے جلسہ میں گذشتہ زلزلہ کے آثار دیکھنے کے منتظر ہیں پس تُم اُن کو یہ دکھا دو کہ یہ سلسلہ خدا کی طرف سے ہے اور خدائے تعالیٰ ان زلزلوں کو اس لئے لاتا ہے تا دنیا کو معلوم ہو کہ یہ سلسلہ انسانی سلسلہ نہیں بلکہ خدائی سلسلہ ہے اور خدا کا طاقتور ہاتھ اس کی حفاظت کر رہا ہے اور کوئی طوفان اس سلسلہ کو نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ دشمن کو اپنی طاقت کا زور دکھانا بھی ایک ثواب کا کام ہے۔ ایک صحابی کا ذکر ہے کہ وہ ایک جنگ کے موقع پر اکڑ اکڑ کر چل رہا تھا اُس کو دیکھ کر آنحضرت ﷺ نے صحابہؓ سے فرمایا کہ اس قسم کی چال یوں تو خدا تعالیٰ کو بہت ناپسند ہے اور خدائے تعالیٰ ایسی چال سے نفرت کرتا ہے مگر اس موقعہ پر یہی چال خدائے تعالیٰ کو بہت پسند ہے اور وہ اس کو دیکھ کر خوش ہے کیونکہ اس کی یہ چال تکبّر کی وجہ سے نہیں بلکہ دشمن کے سامنے اپنی طاقت کا اظہار کی نیّت سے ہے۔ پس تم بھی آنے والے جلسہ کے موقعہ پر سلسلہ کے تمام بدخواہوں کو اپنی طاقت، وحدت اور جمیعت کا نظارہ دکھا دو عاشقوں کی طرح قادیان کی طرف دوڑو اور دیوانوں کی طرح اس مقدّس زمین کو آ کر چومو اور دنیا کو دکھا دو کہ ع

زمین قادیاں اب محترم ہے

چاہئے کہ دشمن تمہاری محبت کو دیکھ کر شرمندہ ہو جاویں اور لوگ تمہارے عشق کا مشاہدہ کر کے حیرت میں ڈوب جائیں اور تعجب سے کہیں کہ یہ کیا ہی عجیب قوم ہے کہ ہر ایک ابتلاء کے وقت یہ آگے ہی قدم بڑھاتی ہے اور سخت سے سخت زلازل سے بھی ان کی استقامت میں کچھ فرق نہیں آتا اور وہ حیرت زدہ ہو کر کہیں کہ معلوم نہیں کہ مرزا صاحب نے ان پر کیا جادُو کر دیا ہے دیوانوں کی طرح قادیان کی طرف دوڑے چلے آتے ہیں۔

(الفضل قادیان 19 نومبر 1914ء)

الفضل 27 دسمبر 1914ء میں دارالامان کے زائر کے عنوان کے تحت جلسہ سالانہ پر آنے والے مہمانوں کو جلسہ سالانہ کے بابرکت ایام سے بہترین طور پر استفادہ کرنے کی طرف رہنمائی کرتے ہوئے تحریر ہے۔

ہمارے احباب جو یہاں جلسہ پر تشریف لائیں وہ اپنے اوقات کو بہت ہی قیمتی سمجھیں اور اُن مشاغل میں نہ رہیں جو اپنے وطن میں بھی اُن کے لئے مہیا ہو سکتے ہیں۔ پس سب سے اوّل تو حضرت اولوالعزم خلیفہ ثانی کی خدمت میں حاضر ہوں اور ان کی صحبت میں جس قدر بیٹھنے کا موقعہ ملے اسے غنیمت سمجھیں۔ آپ کے کلام فیض التیام سے بوجوہ انبوہ کثیر متمتع نہ ہو سکیں تو یقین رکھنا چاہئے کہ بزرگوں کے حلقے میں ایسے روحانی اثر ہوتے ہیں کہ زنگ قلب دور کرنے کے لئے عبادت ہشت سالہ کا کام دے جاتے ہیں۔ پھر ہمارے دوستوں کو بہشتی مقبرہ میں جانا چاہئے جو خدا کے نبی اور اُس کے سلسلہ کے مخلصین کی آرام گاہ ہے اور تمام دنیا کے مقبرے جس کی برکات کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ وہاں دعائے مسنونہ کے بعد اپنی زبان میں اللہ سے خوب دعا کی جائے ترقیٔ مراتب و مدارج مسیح موعود و اشاعت سلسلہ احمدیہ کی اور اپنے لئے۔ پھر...... کے معزز و مبارک و مطہر وجود ہیں صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب سے ملیں۔ حضرت میر ناصر نواب صاحب کی نصائح سے فیضیاب ہوں اور اُن کی دعائیں لیں۔ نواب محمد علی خان صاحب دارالسّلام میں دارالعلوم سے پرے تشریف رکھتے ہیں۔ نہایت روشن خیال حضرت مسیح موعود کی محبت میں گداز بزرگ ہیں ان کا نیاز حاصل کیجئے۔ حضرت خلیفۂ اوّل کے خاندان کے نونہال میاں عبدالحئی صاحب ہیں۔

پھر چند فضلاء وعلماء کا نام لے دیتا ہوں آپ اپنے مذاق وضرورت کے مطابق اُن سے ملاقات کریں۔ مولانا محمد سرور شاہ صاحب، مولوی حافظ روشن علی صاحب، مولوی فاضل سیّد محمد اسحٰق صاحب، مولوی فاضل محمد اسمٰعیل صاحب، مولوی قاضی امیر حسین صاحب، مولانا عبیداللہ صاحب بسمل، مولوی غلام رسول صاحب راجیکی، مولانا مفتی محمد صادق صاحب، ماسٹر عبدالرحمٰن صاحب، میر قاسم علی صاحب ایڈیٹر الحق، بھائی عبدالرحیم صاحب، مولوی محمد دین صاحب بی-اے ہیڈ ماسٹر، مولانا مولوی شیر علی صاحب۔

علاوہ ازیں جو حضرت اقدس مسیح موعود کی خدمت میں ابتداء سے رہنے والے ہیں ان کے انفاس طیّبہ سے مستفیض ومستفید ہونے کی کوشش کریں ان کے نام دریافت کرنے سے معلوم ہو سکیں گے۔

حضرت مصلح موعود کے بارے میں وسعت معلومات کے حصول کے لئے پیر منظور محمد صاحب سے ملنا مفید ہوگا جو بوجہ معذوری ہر وقت اپنے دولت خانہ پر ہی تشریف رکھتے ہیں آپ کے پاس حضرت مولانا نورالدین خلیفۂ اوّل کی دستی تصدیقی تحریریں متعلقہ حضرت مصلح موعود موجود ہیں ان سے آپ دیکھ سکتے ہیں ایسے ہی کئی اور مسائل کے متعلق آپ کو تشفی ہوگی۔ دفاتر میں سے ایک دفتر سیکرٹری صدر انجمن احمدیہ کا ہے۔ دفتر محاسب میں منشی برکت علی خان صاحب۔ اگر آپ نے کچھ رقم جمع کرانی ہو تو وہاں کرا سکتے ہیں۔

دفتر ترقیٔ...... میں سے تحفۃ الملوک کے علاوہ اور اشتہارات اور ٹریکٹ جدیدہ متعلقہ سلسلہ و خلافت مل سکتے ہیں۔ باقی ایک دفتر تشحیذ الاذہان ہے اس میں ایک پبلک لائبریری ہے جہاں اخباروں کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے اور کتابیں بھی مختلف ہیں جو پڑھنے کے لئے مل سکتی ہیں اس کے علاوہ ہر قسم کی کتابیں وہاں فروخت کے واسطے مہیا ہیں۔ ایک دفتر اخبار الحکم ہے وہاں شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی سے ملئے۔ دفتر الفضل میں ہر ایک احمدی بھائی کا جانا ضروری ہے وہاں سلسلہ کی کتابیں بھی ہیں۔ **تازہ الفضل روز مفت مل سکتا ہے۔**

ایک ضلع یا علاقہ کے احباب سلسلہ کو دوسرے ضلع یا علاقہ کے احباب سے ملاقات کر کے تبادلۂ خیالات بھی چاہئے اور ہر کمرہ کا جو امیر ہے اُس کی اطاعت میں اپنی سعادت کا نمونہ دکھانا اور اپنے اتفاق واتحاد کو مضبوط رکھنا چاہئے۔ اپنے لئے وقتی طور پر طبّی مشورے کی ضرورت ہے تو مہمانوں کے لئے اس کا انتظام ہے علاوہ ازیں آپ نے کوئی نسخہ لکھوانا ہو تو ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب، خلیفہ رشیدالدین صاحب اور سب اسسٹنٹ سرجن ڈاکٹر الٰہی بخش صاحب، ڈاکٹر عبداللہ صاحب ہیں۔ یونانی طب کے تجربہ کار مولوی قطب الدین صاحب ہیں حضرت مولانا نورالدین صاحب کے شاگرد خاص مولوی غلام محمد صاحب امرتسری ہیں۔ مولانا موصوف انہی سے تمام طبّی ڈاک کی تعمیل کراتے تھے۔ اس لئے اس خاص طرز کا خاص علم ہے اور کسی قسم کی تکلیف یا ضرورت ہو تو دفتر انتظام مکانات میں اس کی رپورٹ کی جائے اور دارالعلوم میں چوہدری غلام محمد صاحب سے کہئے۔

نیز یہ بھی ضروری ہے کہ تمام احباب جلسہ کی کارروائی اوّل سے آخر تک سُنیں کیونکہ اُن کے آنے کی یہی غرض ہے۔ دیگر مشاغل کے لئے تو انہیں اپنے وطن میں بھی وقت مل سکتا ہے۔ نماز اور (نداء) کے لئے یاد رکھنا چاہئے کہ قادیان کی ہر (بیت) میں جو شخص مقرر ہے وہی وقت کو خوب پہچانتا ہے کسی باہر سے آئے ہوئے بھائی کو گھبرانا نہیں چاہئے سب کام اپنے اپنے وقت پر ہوتے رہتے ہیں۔ میں پھر اپنے احباب سے عرض کروں گا کہ وہ اس اجتماع کے مبارک موقعہ سے فائدہ اُٹھائیں اور اتحاد و ترقی سلسلہ کے لئے بہت بہت دعائیں کریں کہ تمام مشکلات دعا ہی سے حل ہو سکتی ہیں۔ (الفضل قادیان مؤرخہ 27 دسمبر 1914ء)

حضرت مصلح موعود کے خطابات

25 دسمبر 1914ء کو حضور نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جس کے چند اقتباسات درج ذیل ہیں:۔

ہم اپنے جلسہ کو کسی کمیٹی یا جلسہ سے کسی طرح بھی مشابہت نہیں دے سکتے۔ انجمنیں اور کمیٹیاں تو دنیا میں بہت ہیں مگر اُن سے ہمارے جلسے کو اس لئے مشابہت نہیں کہ وہ انسانوں کی بنائی ہوئی ہیں۔

مگر ہم جس کام کی نظیر چاہتے ہیں وہ خدا تعالیٰ کا کام ہے اور اُسی کا قائم کردہ ہے۔ لوگ کسی جگہ اکٹھے ہوتے ہیں میلے لگتے ہیں جلسے ہوتے ہیں۔ لیکن ہم کسی میلہ کے لئے اکٹھے نہیں ہوتے ہماری غرض تماشہ دیکھنا نہیں ہوتی۔ دنیا میں لوگ تماشوں کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں بڑے بڑے سامان لاتے ہیں خرید وفروخت ہوتی ہے ہم اس کے لئے بھی جمع نہیں ہوتے۔ اب ہم جو قواعد بنائیں تو کس طرح بنائیں اور کس چیز سے اپنے اجتماع کو مشابہت دیں۔ اس کے لئے ہم دیکھتے ہیں کہ ایک چیز دنیا میں ایسی ہے جس سے ہمارے جلسہ کو مشابہت ہو سکتی ہے اور وہ حج ہے۔ حج کوئی میلا نہیں، نمائش نہیں، کسی انجمن کا جلسہ نہیں وہ خدا کا کام ہے اور دین کے لئے قائم کیا گیا ہے۔ خدا کے نبیوں کے ذریعہ قائم ہوا ہے اس لئے ہمیں چاہئے کہ حج کے لئے جو قواعد اور ضوابط ہیں اُن سے فائدہ اُٹھائیں۔

ہم جو اس قدر کوشش کرتے ہیں کہ ہماری جماعت بڑھے تو جو اس جماعت میں داخل ہو گئے ہیں کیا ان کی ہمیں قدر نہیں بہت بڑی قدر ہے۔ پس تم اپنی جانوں کی حفاظت کرو اور سردی سے بچنے کی بہت کوشش کرو۔ بعض لوگ اپنے ڈیروں پر ہی نماز پڑھ لیتے ہیں یہ دن تو بہت زیادہ عبادت کرنے کے دن ہیں اس لئے نماز باجماعت (بیت) میں پڑھنی چاہئے مومن کبھی سُست نہیں ہوتا تم نے تو بڑے کام کرنے ہیں تمہارے آگے ساری دنیا ہے جس کو تم نے فتح کرنا ہے جو لوگ دارالعلوم میں رہتے ہیں وہ (بیت) نور میں اور جو قادیان میں رہتے ہیں وہ چھوٹی اور بڑی (بیت) میں نمازیں پڑھیں۔

وہ لوگ جو قادیان کے رہنے والے ہیں اُن کو میں نصیحت کرتا ہوں کہ پانچ باتیں جن لوگوں میں پائی جاتی ہوں وہ کبھی ذلیل نہیں ہوتے اور ان پانچوں میں سے ایک مہمان کی قدر کرنا ہے۔ قادیان کے رہنے والے کہتے ہیں کہ ہماری نسبت حضرت مسیح موعود کے الہامات ہیں اور آپ نے ہماری نسبت بہت عمدہ الفاظ فرمائے ہیں۔ میں ان باتوں کو مانتا ہوں مگر تُم اپنے اعمال سے بھی ثابت کر دکھاؤ کہ واقعی تُم ان باتوں کے مستحق ہو۔ پس جو مہمان تمہارے پاس آئے ہیں اُن کی خاطر اور تواضع میں لگ جاؤ کوئی یہ نہ سمجھے کہ یہ میرے مہمان نہیں ہیں اس لئے مجھے خدمت کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ اس کو یاد رکھنا چاہئے کہ یہ تو اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں اور تم اس کے بندے ہو تو کیا یہ بندے کا فرض نہیں ہے کہ اپنے آقا کے مہمان کی خبر گیری کرے۔ ضرور ہے پس یہ مہمان خدا کے گھر اور خدا ہی کی آواز پر آئے ہیں کیونکہ مامور من اللہ کی آواز خدا ہی کی آواز ہوتی ہے۔ تُم لوگ اُن کی خبر گیری کرو اگر تمہیں کسی سے تکلیف بھی پہنچ جائے تو اُس کو برداشت کرو اور کسی کی ہتک کرنے کا خیال بھی دل میں نہ لاؤ۔ جو مہمان کی ہتک کرتا ہے وہ اپنی ہی ہتک کرتا ہے کیونکہ مہمان اُس کی عزّت ہوتا ہے۔ پس اُس سے احمق کون ہے جو اپنی عزّت آپ برباد کرے یا اپنا گلا آپ ہی کاٹے۔ تم لوگ ہر طرح سے مہمانوں کی خاطر تواضع میں لگے رہو۔

اللہ تعالیٰ نے توفیق دی تو میں آپ کو درد کی باتیں سناؤں گا۔ یہاں ہی کسی نے کہا تھا کہ ہمارے جانے کے بعد یہاں عیسائی پھریں گے۔ اللہ تعالیٰ کا کتنا فضل ہے کہ آج یہاں ......ہی اُترے ہوئے ہیں۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ جلسہ کے ایّام میں لوگ ٹھہریں گے اللہ جن کو توفیق دے گا۔ میری باتیں سُنیں گے اور میں سُناؤں گا۔

حضرت فضل عمر خلیفۃ المسیح الثانی نے جلسہ سالانہ کے چاروں دن خطاب فرمایا جو ''برکات خلافت'' کے نام سے شائع ہوئیں۔ 26 دسمبر کے خطاب میں حضور نے جماعتی اتحاد میں رخنہ اندازی کے فتنہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

''یہ جو فتنہ پڑا ہے اس کے متعلق حضرت مسیح موعود کو خدا تعالیٰ نے قبل از وقت خبر دے دی تھی کمزور دل کے لوگ کہتے ہیں کہ اب کیا ہوگا۔ احمدیہ سلسلہ ٹوٹ جائے گا۔ میں کہتا ہوں کہ اس فتنہ سے سلسلہ ٹوٹتا نہیں بلکہ بنتا ہے۔ مبارک ہے وہ انسان جو اس نکتہ کو سمجھے۔''

آپ نے حضرت مسیح موعود کے متعدد الہامات، رؤیا اور تحریرات پیش کیں جس سے واضح ہو جاتا ہے کہ یہ فتنہ مقدر تھا اور اس کی وجہ سے جماعت کو غیر معمولی ترقی حاصل ہونے والی تھی۔ اس کے بعد آپ نے حضرت مسیح موعود کا خلیفہ ہونا چاہئے یا نہیں، کے موضوع پر نو (9) آسمانی شہادتیں پیش فرمائیں اور ثابت کیا کہ حضرت مسیح موعود کے بعد خلافت یقیناً مقدر تھی۔

27 دسمبر کے خطاب میں آپ نے افراد جماعت کو بعض اہم نصائح فرمائیں اور بعض امور سے اجتناب کی طرف توجہ دلائی۔ مثلاً دنیوی سیاست میں ملوث ہونے کی خرابیاں، احمدی لڑکی کا غیر احمدی لڑکے سے نکاح اور کفو کا مسئلہ۔ نماز باجماعت کی اہمیت، زکوٰۃ، حضرت مسیح موعود کے سوانح کی حفاظت وغیرہ۔ امور سیاست کے بارے میں آپ نے فرمایا:

''چونکہ سیاست میں پڑ کر انسان کو بہت جلد دنیا میں عزت وشہرت حاصل ہونے لگتی ہے۔ اس لئے لوگ اس نزدیک کے فائدہ کی خاطر دین کو بھی چھوڑ دیتے ہیں اور اس زمانہ میں تو دنیا کی کشش یوں بھی زیادہ ہے۔ پس سیاست جس قدر بھی انسان کو اپنی طرف کھینچے تھوڑا ہے۔ اس لئے حضرت مسیح موعود نے یہ پسند نہ کیا کہ جو تھوڑے سے آدمی ان کے ساتھ شامل ہیں ان کو بھی آپ سیاست میں دخل دینے کی اجازت دے کر اپنے ہاتھ سے کھو دیں۔ اگر کوئی یہ کہے کہ ہمیں سیاست کے چھوڑنے کی وجہ سے نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ ہم تحصیلدار، ڈپٹی اور دیگر سرکاری عہدے حاصل نہیں کر سکے تو وہ سمجھ لے کہ اس کے چھوڑنے سے خدا ملتا ہے اور نہ چھوڑنے سے دنیا۔ پس اگر تمہیں خدا پیارا ہے تو سیاست کو چھوڑ دو''۔ (انوار العلوم جلد دوم صفحہ 7)

28 دسمبر کے خطاب میں آپ نے آیت الکرسی کی لطیف تفسیر بیان فرمائی۔ خدا تعالیٰ کی عظمت اس کی صفات سے واضح کی اور سات روحانی مدارج کا ذکر فرمایا۔

جلسہ کی کارروائی 26 دسمبر

مکرم ایڈیٹر صاحب الفضل تحریر فرماتے ہیں:

26 دسمبر جلسہ سوا نو بجے جناب میر حامد شاہ صاحب سیالکوٹی کی صدارت میں شروع ہوا۔ میاں غلام فرید عالمیانوی نے اپنی نظم سُنائی جو پسند کی گئی۔ پھر 9 بج کر 40 منٹ پر شیخ یعقوب علی صاحب نے اپنا لکھا ہوا مضمون سنانا شروع کیا۔ یہ تقریر شیخ صاحب نے سوا تین گھنٹے میں ختم کی اور اتنا وقت گزر جانے کے بعد بھی شیخ صاحب ابھی کچھ اور کہنے کا جوش اپنے اندر رکھتے ہوئے معلوم ہوتے تھے۔ چونکہ یہ مضمون لکھا ہوا تھا چھپ جائے گا۔

نماز ظہر وعصر اور بیعت: ایک بجے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی تشریف لائے اور نماز ظہر وعصر جمع ہوئی۔ پھر لوگوں نے پگڑیاں پھینک پھینک کر بیعت کی اور 2 بجے دوسرا اجلاس شروع ہوا۔

میر حامد شاہ صاحب نے اپنی نثر ونظم دلربا ء انداز میں سُنائی جن میں اُن لوگوں پر اظہار افسوس تھا جنہوں نے مرکز سے نہ صرف قطع تعلق کر لیا بلکہ اس کی مخالفت اور رونق گھٹانے میں وہ سرگرمی دکھائی جو غیر احمدیوں نے بھی نہیں دکھائی۔ نثر بہت رنگین اور دلکش اور نظم نہایت سلیس ودلچسپ تھی۔ ہاں آپ نے وہ اشعار بھی پڑھے جو سورۃ فرقان کے آخری رکوع کا ترجمہ ہے اور جو ایک رؤیا کے مطابق الحکم نے چھاپ کر شائع کئے ہیں اور سات روپے ان کا ہدیہ ہے۔

پونے تین بجے مولانا محمد سرور شاہ صاحب کی تقریر شروع ہوئی۔ جو مسئلہ نبوّت وکفر کے متعلق تھی۔ مولانا موصوف کی کئی تقریریں میں نے سُنی ہیں مگر یہ تقریر جُداگانہ طرز کی تھی اور میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ یہ تقریر مولوی سرور شاہ صاحب کی نہیں تھی۔ بلکہ آپ کی زبان پر روح القدس بول رہا تھا۔

مفتی محمد صادق صاحب جو اس اجلاس کے صدر تھے نے صدارتی ریمارکس دیئے۔ اس کے بعد قاسم علی خان صاحب رام پوری نے ایک تضمین کلام حقانی (مولوی علی احمد صاحب) پر نہایت خوش الحانی سے پڑھی جس پر سامعین وجد میں آگئے کیونکہ حقانی کا کلام پھر اُس پر تضمین بھی عمدہ، اثر ضروری تھا۔

27 دسمبر کی کارروائی

مکرم حقانی علی احمد صاحب راولپنڈی نے اپنا کلام سُنایا آپ نے اپنی نظم میں دارالاماں کے برخلاف کوشش کرنے والوں کی ناکامی کا نہایت عمدگی سے نقشہ کھینچا۔ پھر جناب ثاقب مالیر کوٹلہ نے اپنی نظم سُنائی۔ اس کے بعد حکیم خلیل احمد صاحب سیکرٹری جماعت احمدیہ مونگیر کھڑے ہوئے۔

آپ کی تقریر نہایت پُر جوش اور مسیح موعود کے عشق میں ڈوبی ہوئی تھی''۔

احمدیہ کانفرنس

27 دسمبر بعد از عشاء احمدیہ کانفرنس ہوئی جس میں انجمنوں کے پریذیڈنٹ اور سیکرٹری اور اخبارات کے قائمقام موجود تھے۔ بجٹ پیش ہوا اور رسمی طور پر اُس کی منظوری دی گئی۔ پھر ذرائع آمد صدر انجمن کی افزائش وباقاعدگی کے متعلق بحث ہوئی۔ منشی فرزند علی صاحب فیروز پور، منشی برکت علی صاحب شملہ اور شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی نے نمایاں حصہ لیا اور نواب محمد علی خان صاحب نے فرائض صدارت کو نہایت عمدگی وقابلیت سے ادا کیا اور اپنی تقریر میں بیرونجات کی انجمنوں کو اُن کے فرائض سے آگاہ کیا۔ بالآخر قرار پایا کہ چوبیس ہزار جو ترقیٔ احمدیت کے لئے درکار ہے اس کے علاوہ صدر انجمن احمدیہ کی مدّوں کا قرضہ اُتارنے کے لئے اکیس ہزار سے زیادہ روپیہ مطلوب ہے یہ سب روپیہ انجمنوں پر بحصہ رسدی تقسیم کیا جاوے اور اس کے بعد دعا پر کانفرنس کا اجلاس برخاست ہوا۔

28 دسمبر کی کارروائی

''28 دسمبر کو ساڑھے نو بجے اجلاس شروع ہوا۔ منشی نعمت اللہ خاں صاحب انور نے اپنی مخلصانہ نظم سے سامعین کو مسرور الوقت کیا۔ پھر محمد طفیل صاحب بٹالوی نے اپنے اس درد دل وجوش وتڑپ کو جو وہ سلسلہ کے متعلق رکھتے ہیں ایک مسدّس کی صورت میں ظاہر کیا پھر جناب مختار شاہجہانپوری کی غزل پڑھی گئی۔ سبحان اللہ غزل کیا تھی مصرعہ مصرعہ وہ درد، وہ جوش، وہ اخلاص، وہ تڑپ ظاہر کر رہا تھا جو احمدی جماعت کے ہر فرد کو سیّدنا محمود سے ہے۔ یہ نظم ایسی مقبول ہوئی کہ 29 دسمبر کو پھر پڑھوائی گئی۔ اس کے بعد **ڈاکٹر محمد اقبال صاحب پی۔ایچ۔ڈی مشہور شاعر کے نوجوان فرزند آفتاب احمد نے (جو یہاں ہائی سکول میں تعلیم پاتا ہے) حضرت مسیح موعود کی ایک نظم پڑھی پھر اپنا مضمون سنایا جس میں احمدی جماعت ہی کو خدا تعالیٰ کی پاک جماعت مان کر پھر مرکز سے قطع تعلق کرنے والوں پر اظہار افسوس تھا۔** پھر مفتی محمد صادق صاحب نے ایک پادری سے

اپنے مباحثہ کا حال سُنایا۔

اس اثناء میں حضرت مصلح موعود تشریف لے آئے۔ گیارہ بجے تھے آپ نے اپنی تقریر شروع کی جو مراتب سلوک پر تھی۔ آپ نے فرمایا کہ میں تمہیں اس کی طرف بُلاتا ہوں جو تمہاری تمام ترقیوں اور آراموں کا مبدء ہے وہ اللہ ہے اور تم جو کام کرو وہ رسماً یا عادتاً نہ کرو بلکہ اللہ کے لئے اور اپنے اندر احساس پیدا کرو۔ پھر آپ نے انسان کی سات حالتوں کا ذکر قرآن مجید سے دکھایا غرض اپنی جماعت کو وہ کچھ سمجھایا جس پر وہ عمل کر کے اپنی دینی اور دنیوی حالتوں میں بہ نسبت ماسبق ترقی پائیں۔ یہ تقریر سوا دو گھنٹے ہوئی۔ ظہر و عصر کی جماعت جمع ہوئی۔

اور پھر اڑھائی بجے اجلاس شروع ہوا۔ سب سے اوّل مولوی عبید اللہ صاحب بسمل نے اپنی نظم عرض کی۔ یوں کہنا چاہئے کہ قند پارس سے حاضرین کی ضیافت طبع کی۔

پھر حافظ روشن علی صاحب کی تقریر ہوئی۔ یہ تقریر ایک گھنٹہ تک جاری رہی۔ پھر عزیز عبدالحیٔ کی تقریر ہوئی۔ میاں عبدالحیٔ صاحب نے کہا کہ خلیفہ اوّل نے سب کچھ دے دلا کر ایک مسیح موعود کو اختیار کیا تھا اب ان کے خاندان کے ایک فرد کو اللہ تعالیٰ نے امام بنایا تو ہم کیوں اس کی بیعت نہ کرتے۔ اگر ہم اس خاندان کو بھی چھوڑ دیتے جس کے پانے کے لئے ہم نے سب کچھ چھوڑا تو پھر ہمارے پاس کیا رہتا؟

پھر صدر انجمن کی رپورٹ پڑھی گئی۔ مولانا شیر علی صاحب نے رپورٹ پڑھی۔

کُل انجمنیں 164 ہیں گزشتہ سال 133 تھیں۔ چندہ دینے کے لحاظ سے اوّل نمبر سیالکوٹ کا ہے۔

دوسرے درجے پر وہ انجمنیں ہیں جن کا چندہ پانچ سو سے ہزار تک ہے۔

تیسرے درجہ میں وہ انجمنیں ہیں جن کے چندے -/250 سے -/500 کے درمیان ہیں اُن کی تعداد 13 ہے۔

اس کے بعد شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی نے اُٹھ کر رات کے فیصلہ کا اعلان کیا کہ احمدی جماعت کے قائم مقاموں نے فیصلہ کر دیا کہ احمدی جماعت علاوہ ماہواری اور مستقل چندوں کے پچاس ہزار روپے کا انتظام کرے۔

29 دسمبر کی کارروائی

منگل کے روز 9:30 بجے جلسہ شروع ہوا۔ بیت اقصیٰ میں صوفی تصوّر حسین صاحب نے اپنی نظم سُنائی جس کا ردیف آج کل تھا۔ بہت عمدہ۔ اس کے بعد شیخ علی محمد صاحب ڈنگوی نے نظم سُنائی جس کی داد پائی۔ اس اجلاس کے پریذیڈنٹ منشی فرزند علی صاحب تھے۔ آپ نے سلسلہ کے شاعروں کو اس طرف توجہ دلائی کہ وہ جو کچھ کہیں خدا کے لئے کہیں۔ شُہرت یا اپنی شخصیت کو نمایاں کرنا مقصود نہ ہو اور لوگوں کے دین کے لئے مفید ہو۔

حضرت مولانا محمد احسن صاحب فاضل سلسلہ احمدیہ کا مضمون صوفی غلام محمد صاحب بی۔اے نے نہایت عمدگی و بلند آہنگی و صحت کے ساتھ پڑھ کر سُنایا۔

سوا گیارہ بجے مفتی صاحب کی تقریر دلپذیر شروع ہوئی۔ آپ کا مضمون تھا اس پر کہ عہد خلافت ثانی میں کیا کام ہوئے۔

منشی فرزند علی صاحب نے دعا کی اور سالانہ جلسہ بڑی کامیابی کے ساتھ ختم ہوا۔ وقت کی پابندی منشی صاحب کی صدارت سے مخصوص رہی۔

حافظ غلام رسول صاحب وزیر آبادی و مولوی کرم داد صاحب دوالمیال و مولوی عبداللہ صاحب بھینی نے اپنے اپنے مواعظ حسنہ سے مسرور الوقت کیا۔

انجمن انصاراللہ کا جلسہ

28 و 29 دسمبر کی درمیانی شب انجمن انصاراللہ کے ممبر جمع ہوئے۔ حضرت صاحبزادہ صاحب بھی ممبروں کی درخواست پر تشریف لائے۔ سیکرٹری حافظ روشن علی صاحب نے ایک تقریر کی اور احباب کو توجہ دلائی کہ وہ بدستور اپنا کام کئے جائیں اور اصلاح بین الناس و اصلاح ذات البین میں مصروف رہیں اور اگرچہ اللہ تعالیٰ نے اب جماعت کے کثیر حصہ کو انصاراللہ بنا دیا ہے مگر اس انجمن کے ممبروں کا خصوصیت سے فرض ہے کہ وہ بڑھ بڑھ کر قدم ماریں امتحان سالانہ کے لئے چند کتابیں مقرر ہوئیں۔

جلسہ کی کیفیت عمومی

یہ سالانہ جلسہ خاص طور سے حضرت مسیح موعود اور اُن کی وحی یاتون من کل فج عمیق کی صداقت پر شہادت ثابت ہوا۔ اس سے پہلے تو غیر احمدی دارالامان میں آنے سے روکتے تھے اور اب تو تقریباً خاموش تھے مگر اس سال ان لوگوں نے اس رونق کو کم کرنے اور خدا کے اس نشان کو مٹانے میں اپنی کوشش کو خرچ کیا جو کبھی خود موجب رونق افزائی ہوا کرتے تھے اور ان نادانوں کو جو کہتے کہ بس ایک سال اور قادیان کی رونق ہے یہ جواب دیا کرتے کہ تم زور لگا لو تم ہی جھوٹے نکلو گے اور دیکھو گے کہ بٹالہ سے لے کر قادیان تک یکّوں کی قطار ہی قطار ہے۔

جلسہ میں 3255 مہمان آئے اور پانچ روز یہیں رہ کر اللہ تعالیٰ کے ذکر و حمد میں مشغول رہے اور کئی سو ابھی تک موجود ہیں۔ جلسہ میں بالعموم ساڑھے تین ہزار کی حاضری رہی اور حضرت اولوالعزم کے لیکچر کے وقت پونے چار ہزار تک تعداد پہنچ جاتی جو محبت جو اخلاص اپنے موجودہ امام کی ذات سے ان احباب کو تھا وہ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے بس ہر ایک یہی چاہتا تھا کہ نثار ہی ہو جاؤں۔ جا بجا یہی تذکرہ ہو رہا تھا کہ پھر حضرت مسیح موعود والا زمانہ آ گیا ہے۔

بعض غیر مبائعین 28 دسمبر کو یہاں پہنچے اور کلمات طیّبات سُنتے ہی اپنی رائے بدلنے پر مجبور ہوئے حق حق ہی ہے۔ اور جو صدق نیّت سے اس کا جویاں ہوتا ہے اُسے ضرور ہدایت ملتی ہے اور مخالفوں کی مخالفت کا کچھ اثر نہیں ہوتا۔ جناب محمد نواب خاں صاحب ثاقب مالیر کوٹلہ جن کا لاہوری پروگرام میں وقت تھا۔ یہاں پہنچے اور محض اللہ کے فضل سے بدوں کسی بیرونی تحریک کے خلیفہ ثانی کی بیعت میں داخل ہوئے۔ قاضی محمد یوسف صاحب پشاوری جو احباب پشاور و سرحد کی طرف سے ہمارے وفود کے مقابل میں مناظر تھے انہوں نے بھی اس خلیفہ کی بیعت کی۔

ایسے ہی اور بھی بعض بچھڑے ہوئے دوست تھے جو پھر سلک اتحاد میں منسلک ہوئے اور کئی غیر احمدی، احمدی بنے۔ یہ سب تائید و نصرت الٰہی ہے۔

بقول حریفان خلافت جماعت کے بیسویں حصہ کی یہ کارروائی ہے۔ مگر تعجب ہے کہ 19/20 حصہ جماعت کے نمائندے بیرونجات سے صرف 70 یا 80 لاہور میں جمع ہو سکے اور ایک مقرر کہنے پر مجبور ہوا کہ بدقسمتی سے مجھے غیر احمدیوں کے سامنے رونا پڑا ہے۔

انتظام جلسہ

اس دفعہ متفق اللفظ تسلیم کر لیا گیا ہے کہ انتظام نہایت ہی اعلیٰ تھا اور کسی قسم کی شکایت پیدا نہیں ہوئی۔ مَیں نے اکثر احباب سے اور اِدھر اُدھر سے دریافت کیا مگر میرے کانوں میں کوئی نقص نہیں پہنچا گو اتنے بڑے مجمع میں کسی قسم کا قصور ہو جانا معمولی بات ہے مگر کام کرنے والوں کے ایثار اور اخلاص اور حضرت فضل عمر کی دعاؤں کا نتیجہ ہے۔ تین ہزار کا کھانا صبح 9:00 بجے تک احباب میں تقسیم ہو جاتا تھا اور ایک دن بھی دیر یا بے نظمی نہیں ہوئی۔ عام نگرانی اندرون قصبہ حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب اور ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین کے سپُرد تھی اور بیرون قصبہ حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب اور ہیڈ ماسٹر مولوی محمد دین صاحب بی۔اے کے۔ ......اور میاں عبداللہ صاحب سکنہ مونگ نے بڑی محنت سے کام کیا۔ استقبال بٹالہ کے لئے حکیم محمد عرفان صاحب و مرزا برکت علی صاحب تھے۔

انتظام مکانات ماسٹر عبدالعزیز صاحب کے سپرد تھا اور روشنی ماسٹر دین محمد صاحب ننگلی کے۔ پانی منشی غلام محمد صاحب کے۔ صفائی مرزا غلام اللہ و منشی محمد الدین صاحب کے۔ سٹور پیر مظہر قیوم و مولوی محمد شادی خان کے۔ انتظام دیگ منشی نعمت اللہ خان صاحب انور و ڈاکٹر عبداللہ صاحب کے۔ تقسیم روٹی چوہدری بدر بخش صاحب کے۔ تقسیم سالن قاضی امیر حسین صاحب و ماسٹر ماموں خان صاحب کے۔ اجرائے پرچہ خوراک قاضی عبداللہ صاحب و میاں عبیداللہ بن حافظ غلام رسول صاحب وزیر آبادی کے۔ خاص خوراک خلیفہ رشید الدین صاحب و امیر احمد صاحب قریشی کے اور دارالعلوم کا انتظام چوہدری غلام محمد صاحب کے سپُرد تھا۔ اُن کے معاون مولوی عبدالسلام و عبداللہ خان و مولوی محمد اسمٰعیل سیالکوٹی و منشی نور محمد تھے۔ شہر میں مولا بخش باورچی نے اور باہر عبداللہ و محبوب۔ ان سب دوستوں نے اور پھر مدرسہ احمدیہ کے تمام طلباء اور ہائی سکول کے اکثر لڑکوں نے بطور والنٹیئر نہایت جانفشانی سے کام کیا اور مہمانوں کے آرام کی خاطر اپنے آرام اور اپنی محبوب سے محبوب چیز کو بھی ترک کر دیا۔

ہمارے دو کانداروں نے بھی اچھا نمونہ دکھایا نماز کے وقت اُن کے سودے کے تختے جائے نماز بن جاتے تھے اور بیت مبارک کے اُوپر نیچے دفتر الفضل کے صحن اور تمام قرب و جوار کی گلیاں مسجود خلائق بن جاتی تھیں۔

خواتین کی مہمان نوازی میں حضرت اماں جان نے مع اپنے خاندان کے نہایت کوشش سے کام لیا یہاں تک کہ اپنے گھر کے کئی ضروری کمرے محض عورتوں کے لئے خالی کرا دیئے۔

(اخبار الفضل قادیان مؤرخہ 31 دسمبر 1914ء)

جلسہ سالانہ میں مستورات کی شمولیت

اگرچہ اس سے پہلے بھی کئی احمدی خواتین سالانہ جلسہ پر تشریف لائیں۔ مگر جس مقصد کے لئے آتیں کہ کوئی دینی مضمون سُنیں گے یا درس قرآن سے بہرہ ور ہوں گے۔ اس کا کوئی باقاعدہ انتظام نہ ہونے کے باعث بہت تأسف رہتا تھا۔ اب حضرت فضل عمر کی اولوالعزمی اور ہمّت اور بیش بہا انعامات میں سے یہ بھی ایک فضل مولا تھا کہ ہمارے باقاعدہ اجلاس ہوتے رہے۔ جمعہ 25 دسمبر 1914ء کو بہت سی خواتین احمدیہ جمع ہو گئی تھیں۔ 26 تاریخ دس بجے صبح جناب مولانا حافظ غلام رسول صاحب وزیر آبادی کا مؤثر اور مفید نسواں وعظ شروع ہوا تھا جو بہت ہی اصلاح کن ہوا۔

گیارہ بجے سے والدہ میاں عبدالحیٔ کا مضمون

باقی صفحہ 6 پر

مکرم ایم اے لطیف شاہد صاحب

میرا بھائی احمد سعید اختر

میرا بھائی احمد سعید اختر 28/اکتوبر 2013ء کو سی ایم ایچ راولپنڈی میں وفات پا گیا۔ مرحوم اپنے نام کی صحیح تصویر تھے بہت ہی سادہ طبیعت کے مالک خوش باش اور سعید الفطرت انسان تھے۔ ایک سال سے زیادہ عرصہ سے بیمار تھے اور اپنے بیٹے میجر نعیم اختر کے پاس مقیم تھے۔ بہت ہی شدید کمزوری کے باوجود خوش مزاجی میں کمی نہیں آئی۔

ہم پانچ بھائیوں میں وہ عمر کے لحاظ سے دوسرے نمبر پر تھے۔ لیکن سب سے پہلے وہ برسرِ روزگار ہوگئے اور انہوں نے والدین کی بہت خدمت کی۔ والد صاحب مرحوم نے بھیرہ میں ایک مکان خریدا۔ سعید صاحب جب بھی بھیرہ آتے گھر کا کچھ نہ کچھ کام کر کے جاتے مثلاً گھر کو پینٹ کرنا پیشہ کے لحاظ سے انجینئر تھے گھر کی مکمل بجلی کی وائرنگ انہوں نے بغیر کسی کی مدد کے خود ہی کی۔ والد صاحب یا والدہ صاحبہ نے کوئی کام کہا فوراً کرتے تھے۔ بلکہ ہمسایوں کے کام بھی کرا آتے تھے۔

راولپنڈی پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ سے ڈپلومہ لینے کے بعد واپڈا میں ملازم ہوگئے اور ملازمت کے دوران ان کی پوسٹنگ زیادہ تر ملتان کے علاقہ میں رہی۔ علی پور، مظفر گڑھ، ملتان اور عبدالحکیم میں بہت عرصہ گزارا۔ جماعتی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ زیادہ عرصہ سیکرٹری مال رہے۔ رسول منگلا اور سیالکوٹ میں بھی رہے اور جماعت کی ڈیوٹی کو بہت ہی ذمہ داری سے ادا کرتے رہے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد لاہور آگئے اور جلد ہی واپڈا ٹاؤن میں اپنا مکان بنا کر رہنے لگے۔ سدھنائی بیراج (عبدالحکیم) اور مظفر گڑھ میں صدر جماعت بھی رہے۔ بڑھ چڑھ کر جماعتی خدمت کرتے رہے۔ 2010ء کے سانحہ لاہور کے وقت وہ بیت النور ماڈل ٹاؤن میں تھے اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی خاص حفاظت میں رکھا اور وہ بخیریت گھر واپس آگئے۔

خاکسار کے ساتھ بہت ہی محبت بھرا سلوک کرتے تھے اور بڑا بھائی ہونے کے ناطے بہت ہی عزت واحترام سے پیش آتے تھے۔ چند سال قبل جبکہ وہ واپڈا ٹاؤن لاہور میں تھے خاکسار کو ایک رات ان کے ہاں رہنے کا اتفاق ہوا۔ سردیوں کا موسم تھا مجھے ایسے لگتا ہے کہ وہ ساری رات سوئے نہیں ذرا میں نے کوئی حرکت کی فوراً ان کی آواز آجاتی کہ بھائی آپ ٹھیک ہیں حالانکہ وہ ساتھ والے کمرے میں سو رہے تھے۔

خاکسار جب پنجاب یونیورسٹی لاہور سے ایم اے شماریات کر رہا تھا اس دوران میں ان کو ملنے عبدالحکیم گیا۔ گرمیوں کی چھٹیاں تھیں وہاں ان کے ہاں ایک ماہ پڑھائی کے لئے رک گیا۔ ابھی سعید صاحب کی شادی نہیں ہوئی تھی اور ہماری چھوٹی ہمشیرہ اور چھوٹا بھائی بھی ان کے پاس ہی تھے۔ واپڈا کی ملازمت کا یہ فائدہ تھا کہ بہت پُرسکون کالونی میں رہائش مل جاتی تھی۔ وہاں خاکسار کو بھی بہت اطمینان کے ساتھ خاموش اور پُرسکون ماحول میں تسلی بخش پڑھائی کرنے کا موقع ملا۔ خاکسار جب واپس لاہور نے جانے لگا تو انہوں نے یونیورسٹی کی ایک سال کی فیس کا تحفہ دیا جو کہ بہت بروقت تحفہ تھا اور خاکسار کو مالی مشکلات کا سامنا تھا اور حضرت والد صاحب کی بھی یہ مدد تھی کیونکہ اس وقت ہمارے چھوٹے بھائی مکرم محمود مجیب اصغر صاحب انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور میں زیرِ تعلیم تھے۔ یہ سب اخراجات پورے کرنے مشکل ہو رہے تھے۔

سعید صاحب مرحوم نے اپنے پیچھے سوگواروں میں بیوہ کے علاوہ دو بیٹے میجر احمد نعیم اختر اور محمد علی اور دو بیٹیاں چھوڑی ہیں سب بچے خدا کے فضل و کرم سے شادی شدہ اور صاحب اولاد ہیں۔ سعید صاحب خدا کے فضل وکرم سے ایک کامیاب زندگی گزار کر بہت ہی مطمئن حالت میں اس دنیا سے رخصت ہوئے اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین ہوئی۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

☆............☆............☆

بقیہ از صفحہ 5 - جلسہ کی کارروائی

خلافت کی ضرورت پر تھا 12 بجے تک۔ پھر عزیزہ امۃ الحئی بنت خلیفہ اوّل کا مضمون تعلیم نسواں اور ترغیب تعلیم پر تھا۔

نماز ظہر کے بعد غلام فاطمہ اہلیہ ملک کرم الٰہی صاحب نے خلافت پر عمدہ طریقہ سے ایک اعلیٰ مضمون سُنایا۔ پھر ایک نظم دُرِّثمین سے پڑھ کر کارروائی 26 تاریخ ختم ہوئی۔

27 دسمبر 1914ء صبح دس بجے ہی بوجہ کثرت خواتین کے صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب کے صحن میں فرش بچھایا گیا اور پہلے اہلیہ سیّد مہدی حسین صاحب نے تلاوت قرآن حمید شروع کی۔ سورہ الرحمٰن کا رکوع اوّل پڑھا اور پھر محترمہ غلام فاطمہ نے سوانح عمری حضرت سرور کائنات ﷺ سُنانی شروع کی۔ آپ کا طرز بیان اور سمجھانا اعلیٰ درجہ کا اور عام فہم تھا۔ اور ایک بجے تک بخوبی ادا فرمایا۔ بعد از نماز ظہر ہماری مدرستہ البنات کی اُستانی صاحبہ ہاجرہ نے اپنا ایک مضمون پڑھا۔

28 دسمبر صبح دس بجے۔ مولوی عبیداللہ صاحب بسمل رامپوری کی بیوی صاحبہ نے اپنے بنائے ہوئے شعر پڑھے جو بہت ہی عمدہ اور اعلیٰ تھے۔ پھر اُن کے پڑھنے کا لہجہ بھی دلرُبا تھا۔ پھر اہلیہ میر محمد اسحٰق صاحب مولوی فاضل نے اپنا عمدہ مضمون ''فرائض نسواں'' پر سُنایا عورتوں پر دو دور سُنائے اور ان میں سے مشکلات کا علاج بتایا۔ بچّوں کی تربیت، سلیقہ شعاری، خانہ داری کا انتظام بتایا۔ اگر اس سے بھی مفصّل ہوتا تو خوب تھا۔ آپ کے بعد اہلیہ حافظ روشن علی صاحب نے اپنا مضمون پڑھا جس میں اپنی بہنوں کو نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کی تفصیل بتائی۔

اس کے بعد اہلیہ شیخ غلام احمد صاحب واعظ نے اپنی بہنوں کو رسم رسومات زمانہ کی غلطیوں سے آگاہ کیا بعد از نماز ظہر پھر محترمہ غلام فاطمہ نے بقیہ سوانح عمری نبی اکرم ﷺ شروع کی اور اس کے حسن بیان سے بیویوں کے چہرے خوش اور مسرّت آمیز دکھائی دینے لگے اور کوئی دس منٹ ہی گزرے ہوں گے کہ مولانا غلام رسول صاحب راجیکی بحکم حضرت خلیفۂ وقت تشریف لائے پردہ کیا گیا اور مولوی صاحب نے اپنا وعظ مستورات میں شروع کیا۔ آپ کے سمجھانے کی طرز باریک نکات کے رنگ میں تھی۔ اس کے بعد ماسٹر ماموں خان صاحب نے وعظ کہا۔

29 دسمبر 1914ء خلیفۃ المسیح فضل عمر کی تقریر تھی نصائح اور پُرجوش جذبہ سے لبریز نصائح عورتوں کو فرمائی گئیں۔

فرمایا: تم خدا کے لئے اپنے اندر دین کے لئے درد پیدا کرو اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت عورتوں نے ایسی نمایاں کامیابیاں حاصل کی تھیں کہ بڑے بڑے مرد اُن پر فخر کرتے تھے۔ قریباً نصف احادیث کی بیان کرنے والی عورتیں ہی ہیں۔ سو اگر تُم کرنے لگو تو بڑے بڑے عظیم الشان کام تُم اب بھی کر سکتی ہو۔ غرضیکہ حضور نے دو تین گھنٹہ پُراثر نصائح فرمائیں **پھر بیعت شروع ہوئی۔ سو سے زائد عورتوں نے بیعت** کی۔ اس کے بعد بعض عزیز بہنوں نے چندہ کی تحریک کی تو مختلف مصارف کے لئے کچھ نقد اور کچھ زیورات جمع ہوئے۔

جلسہ پر 23 دسمبر سے مہمانوں کی آمد شروع ہو گئی اور خلیفۃ المسیح کی تقریروں کے وقت یعنی 27 و 28 دسمبر کو جو مجمع احباب تھا وہ یقیناً سنین سابقہ کی نسبت زیادہ شاندار اور دل پر اثر کرنے والا تھا۔ ہمارے اندازہ میں مردوں کی تعداد جو ساڑھے تین ہزار سے زیادہ تھی اور مستورات جن کا جلسہ مسیح موعود کی چار دیواری کے اندر ہوتا رہا اس کے علاوہ تھیں۔ باہر سے آنے والی خواتین کی تعداد 400 تھی جو اس لحاظ سے کہ زنانہ جلسہ پہلی ہی مرتبہ ہوا کافی اور قابل اطمینان ہے۔

(اخبار الفضل قادیان مورخہ 31 دسمبر 1914ء)

☆............☆............☆

مکرم ڈاکٹر نذیر احمد صاحب مظہر

رائل جیلی کے فوائد اور احتیاط

☆ رائل جیلی پیلے یا سفیدی مائل گاڑھے دودھ کی طرح ہوتی ہے رنگت میں فرق ہوسکتا ہے۔ بو پنیر کی طرح اور بدذائقہ ہوتی ہے اور چھتے سے حصول کے بعد جلد ٹھنڈی خشک جگہ محفوظ نہ کیا جائے تو خراب ہو جاتی ہے، آج کل مارکیٹ میں سافٹ جِل گولیوں کی صورت میں بھی دستیاب ہے اور walmart وغیرہ سے خریدی جاسکتی ہے، پاکستان میں اسلامک شہد سنٹر یا کسی دیگر قابل اعتماد ادارہ سے 250 گرام کم وبیش 1500 روپے کے حساب سے خریدی جاسکتی ہے۔

☆ شہد کے چھتے میں شہد اور رائل جیلی کے علاوہ Bee pollen بھی ہوتی ہے جو کہ کارکن مکھیوں کی خوراک ہے، شہد اور رائل جیلی کے ساتھ اس کا بھی استعمال کیا جاسکتا ہے، یہ بالخصوص مردوں میں سپرم میں بہتری پیدا کرتی ہے، اس میں وٹامنز، منرلز، نیوکلک ایسڈ اور سٹیرائیڈ ہارمونز پائے جاتے ہیں، اور یہ صحت وطاقت اور مدافعتی نظام میں بہتری پیدا کرتی ہے۔

☆ اگر کسی کو شہد کی مکھی کی تیار کردہ اشیاء جیسا کہ Bee Pollen یا شہد سے الرجی ہے، یا پاپولر، یا صنوبر کے درختوں سے الرجی ہے تو وہ رائل جیلی کا استعمال مت کریں۔ تھوڑی مقدار سے شروع کرنا چاہئے، بعد میں بڑھالیں۔

☆ جو لوگ کولیسٹرول لیول کم کرنے کی یا خون کو جمنے سے روکنے والی یا خون کو پتلا کرنے والی ادویات استعمال کرتے ہیں تو چونکہ رائل جیلی ان ادویات کے اثرات کو اور زیادہ بڑھا دیتی ہے لہٰذا نقصان کا باعث ہوسکتی ہے، اسی طرح کسی کو چھاتی کا کینسر ہو تو رائل جیلی کا استعمال نہ کرے، بہرحال بیمار افراد کو ڈاکٹر سے راہنمائی کے بغیر رائل جیلی کا استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

☆ اگر کوئی شخص شوگر کا مریض ہو اور وہ شہد میں ملی ہوئی رائل جیلی استعمال نہ کرسکتا ہو تو خالص رائل جیلی لیکوئڈ فارم میں یا سافٹ جِل گولیوں کی شکل میں استعمال کرسکتا ہے۔

☆ قدرت کی اس عطا کردہ رائل جیلی کی اس غذا سے جسمانی طاقت میں اضافہ ہوتا ہے اور مدافعتی نظام کی طاقت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ بہت سی بیماریوں جیسا کہ ذیابیطس، جوڑوں میں درد، ہائی بلڈ پریشر ڈیپریشن، کولیسٹرول کی زیادتی کے خلاف جدوجہد کرنے میں مدد دیتی ہے۔

☆ رائل جیلی کھانے کا بھرپور فائدہ تب ہوگا جب ساتھ باقاعدہ ورزش کریں، کوئی کھیل کھیلیں، یوگا کریں، ایسے کھانے کھائیں جن میں چکنائی کم ہو، پانی کا بکثرت استعمال کریں، ٹن پیک اور سوڈا جوس وغیرہ سے پرہیز کریں، جلدی سوئیں جلدی اٹھیں۔ ان سب چیزوں کے ساتھ رائل جیلی کھانے سے زندگی کو ایک نیا رخ ملتا ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ)

مسل نمبر 117843 میں AHYAR ولد BARNAS قوم ...... پیشہ کاروبار عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن WANASEGRA ضلع وملک انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 30-03-2013 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہ ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 500000 Indonesian Rupiah ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ AHYAR۔ گواہ شد نمبر 1 BARNAS S/O SUKARYA گواہ شد نمبر 2 LILI SUWARLI S/O AZIZI۔

مسل نمبر 117844 میں MANDANG ENGKO KODIR ولد SOMANTRI قوم ...... پیشہ ڈرائیور عمر 38 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن WANASIGRA ضلع وملک انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 21-06-2013 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل درج ذیل ہے۔ 1:GARDEN 770SQM Indonesian Rupi 7000000۔ اس وقت مجھے مبلغ 1800000 Indonesian Rupiah روپے ماہوار بصورت SALARY مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ NANDANG SOMANTRI۔ گواہ شد نمبر 1 NANDANG SOMANTRI S/O ENGKO KODIR۔ گواہ شد نمبر 2 ABDUL HAMID S/O IDI۔

مسل نمبر 117845 میں YUS ASAF ولد MAHPUDIN قوم ...... پیشہ کاروبار عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن CISLADA ضلع وملک انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 02-01-2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل درج ذیل ہے۔ 1: HOUSE & LAND 150 SQM CISALADA Indonesian Rupi....۔ اس وقت مجھے مبلغ 1600000 Indonesian Rupiah روپے ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ YUS ASAF۔ گواہ شد نمبر 1 MAHPUDIN S/O JAMSARI۔ گواہ شد نمبر 2 BASYIRUDIN AHMAD S/O MUHAMMAD ACA۔

مسل نمبر 117846 میں ZENNA MS بنت TATANG SOLIHIS قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن PARIGI ضلع وملک انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-2013 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہ ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 1125000Indonesian Rupiah ماہوار بصورت SALARY مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ۔ ZENNA MS۔ گواہ شد نمبر 1 TATANG SOLIHIN S/O OYON SOLYAN۔ گواہ شد نمبر 2 SARDI MAHMUD AHMAD S/O SUHATMA۔

مسل نمبر 117847 میں OGNIBO HAMZA ولد OGNBO IBRAHIM قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 62 سال بیعت 1986 ساکن PARAKOGI ضلع وملک بنین بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 12-12-2008 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہ ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 20000CFA Franc BCEAO ماہوار بصورت INCOME مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ OGIBO HAMZA۔ گواہ شد نمبر 1 OGINDO HABIB S/O OGINBO HAMZA۔ گواہ شد نمبر 2 OGNIBOA AHAD S/O OGNIBO HAMZA۔

مسل نمبر 117848 میں AGBAGLA GANIOU ولد AGBAGLA ROBERT قوم ...... پیشہ ملازمت عمر ...... سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ADJARA ضلع وملک بنین بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 04-03-2011 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہ ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 40000CFA Franc BCEAO ماہوار بصورت INCOME مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ AGBAGLA GANIOU۔ گواہ شد نمبر 1 ALADJI ADEAUNI S/O ADEAOUNI۔ گواہ شد نمبر 2 NASIR AHMAD MAHMOOD S/O RASHID A TARIQ۔

مسل نمبر 117849 میں SULAIMAN KAMARA ولد AMARA KAMARA قوم ...... پیشہ طالب علم عمر 21 سال بیعت 2010 ساکن Sierra Leone ضلع وملک بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 04-03-2012 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہ ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 500000 Leone ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ SULAIMAN KAMARA۔ گواہ شد نمبر 1 ABDUL HADI S/O ABDUL RASHID۔ گواہ شد نمبر 2 ASIF MAHMOOD S/O MOHAMAD SADIQ۔

مسل نمبر 117850 میں مبشر احمد ولد میر غلام محمد کشمیری قوم ...... پیشہ مکینک عمر 46 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن OMAN ضلع OMAN بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 05-07-2013 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ (1) مکان 5 مرلہ مشترکہ مالیتی 325000 واقع دارالیمن شرقی ربوہ اس وقت مجھے مبلغ 2400 Omani Rial ماہوار بصورت MECHANIC مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ مبشر احمد۔ گواہ شد نمبر 1 بشارت علی ولد غلام نبی۔ گواہ شد نمبر 2 عائش احمد شاہد ولد میاں شاہد احمد۔

مسل نمبر 117851 میں Aneela Mudassar زوجہ Mudassar Ahmad قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 44 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Wiengarten ضلع وملک Germany بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 01-02-2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل درج ذیل ہے۔ 1: Jewellery Gold 50 Tola Euro 20000, 2:Haq Mehr Euro 7500۔ اس وقت مجھے مبلغ 100 Euro ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ۔ Aneela Mudassar۔ گواہ شد نمبر 1 Imran Shahid Rana S/O Rana Mudassar۔ گواہ شد نمبر 2 Jahan Khan Ahmad S/O Bashir Ahmad۔

مسل نمبر 117852 میں Mansoor Ahmad Muzaffar ولد Ch. Fazal Ilahi قوم ...... پیشہ زراعت عمر 68 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Furth ضلع وملک German بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 21-01-2013 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل درج ذیل ہے۔ 1:Land 1.5 Kanal Tahir Abad Shrqi Pakistani Rupee, 2:House & shops 5Marla Tahir Abad sharqi Pakistani Rupee, 4: Flat3 Germany Pakistani Rupee۔ اس وقت مجھے مبلغ 1100 Euro روپے ماہوار بصورت Income مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Mansoor Ahmad S/O Muzaffar۔ گواہ شد نمبر 1 Riaz Ahmad S/O Muhammad Yousaf۔ گواہ شد نمبر 2 Umar Saeed S/O Saeed Ahmad۔

